QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 257

کیسکو کی جانب سے نادہندہ سرکاری محکموں سمیت مختلف گھریلو اور کمرشل صارفین کے برقی کنکشنز منقطع

کوئٹہ:06 مئی 2026ء۔۔۔۔ کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کی جانب سے مختلف ٹیمیں صوبہ کے تمام آپریشن سرکلز میں ایسے تمام نادہندگان کے برقی کنکشنز منقطع کیئے جارہے ہیں جن کے ذمہ بجلی بلوں کی مد میں بقایاجات واجب الادا ہیں۔اس سلسلے میں کیسکو سینٹرل سرکل کوئٹہ کے تحت کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ناہندہ سرکاری محکموں کے کنکشنز بلوں کی عدم ادائیگی پر منقطع کئے جن میں محکمہ پی ایچ ای کے واٹر سپلائی اسکیم،لوکل گورنمنٹ،محکمہ صحت،محکمہ واسا،ریلوے،محکمہ پولیس،بی اینڈ آر،جوڈیشل کمپلیکس کے کنکشنز شامل ہیں جبکہ اس دوران کیسکو ٹیموں نے کوئٹہ شہر میں جناح روڈ،جیل روڈ اور دیگر علاقوں میں اسٹریٹ لائٹس کے کنکشنز بھی بلوں کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے۔

کیسکو لورالائی آپریشن سرکل کی ٹیموں نے محکمہ پی ایچ ای،محکمہ پولیس،بی اینڈ آر،محکمہ تعلیم،لائیواسٹاک اینڈ ڈیری،فاریسٹ اینڈ وایلڈ لائف،میونسپل کمیونٹی،لوکل گورنمنٹ اینڈ رورل ڈیولپمنٹ،سوشل ویلفیئر اور پاپولیشن اینڈ پلاننگ کے مختلف دفاتر کے کنکشنز عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے جبکہ رکھنی کے علاقے میں 11kv فیڈروں کے 8 برانچ بھی کاٹ کر نادہندگان کے بجلی منقطع کردیئے گئے۔اسکے علاوہ کیسکو خضدار سرکل کی ٹیموں نے کارروائی کے دوران بجلی بلوں کی عدم ادائیگی پر محکمہ ایریگیشن، پی ایچ ای، لائیواسٹاک، فاریسٹ اور بی اینڈ آر کے کنکشنز منقطع کردیئے۔علاوہ ازیں کیسکو سبی آپریشن سرکل کے تحت کیسکو ٹیموں نے سبی سرکل کے زیر انتظام مختلف علاقوں میں موجود نادہندگان کے کنکشنز منقطع کردیئے جن میں محکمہ پی ایچ ای، فاریسٹ اینڈ وایلڈ لائف،میونسپل کمیونٹی،لوکل گورنمنٹ اینڈ رورل ڈیولپمنٹ،سوشل ویلفیئر،محکمہ پولیس،بی اینڈ آر،محکمہ تعلیم،لائیواسٹاک اینڈ ڈیری اور پاپولیشن اینڈ پلاننگ کے برقی کنکشنز شامل ہیں۔اسی طرح کیسکو مکران سرکل میں آپریشن ٹیموں نے پنجگور،تربت اور گوادر کے علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے محکمہ بی اینڈ آر،لوکل گورنمنٹ اور ٹاؤن کمیٹی کے برقی کنکشنز بلوں کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے۔واضح رہے کہ کیسکو نے تمام نادہندہ سرکاری محکموں سمیت گھریلو،کمرشل اور دیگر پرائیویٹ صارفین کو بقایاجات کی ادائیگی کیلئے نوٹسز بھی ارسال کردیئے ہیں جن کے ذمہ مجموعی طور پر بلوں کی میں اربوں روپے واجب الادا ہیں۔بجلی بلوں کی عدم ادائیگی کی صورت میں نادہندگان کے برقی کنکشنز بلاتفریق منقطع کئے جارہے ہیں۔کیسکو نے نادہندہ صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے موجودہ بل مقررہ وقت پر ادا کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے ذمے تمام واجب الادا بقایاجات فوری طور پر ادا کریں تاکہ بعد میں بجلی منقطع ہونے یا مزید کسی نقصان اور پریشانی سے بچا جاسکے۔

# # #

نمبر: کیسکو پی آر 258

خضدار کے علاقہ کرخ میں 33kv فیڈر سے کنڈکٹرز چوری

کوئٹہ 06 مئی 2026۔۔۔۔صوبہ کے مختلف علاقوں میں بجلی کے لائنوں سے کنڈکٹرز (تاریں) اور دیگر برقی سامان کی چوری کے واقعات میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے جس کی وجہ سے نہ صرف بجلی کی فراہمی متاثر ہورہی ہے بلکہ کیسکو کو بھی مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑرہا ہے۔اسی طرح گزشتہ روز خضدار کے علاقے کرخ میں 33kv فیڈر سے نامعلوم چوروں نے کنڈکٹرز (تاریں) کاٹ کر چوری کرلئے جسکی وجہ سے 33kv کرخ فیڈر سے منسلک علاقوں کو بجلی کی فراہمی معطل ہوئی۔کیسکو نے مذکورہ واقعہ اور چوروں کے خلاف ایف آئی آر کے اندراج کیلئے متعلقہ تھانہ میں درخواست جمع کرادیئے تاکہ چوروں کے خلاف قانونی کارروائی